# 20435 ـ نمازجنازہ میں سورۃ الفاتحہ پڑھنے کا حکم

**سوال**

نماز جنازہ میں سورۃ الفاتحہ پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

نماز جنازہ میں سورۃ الفاتحہ پڑھنی واجب ہے ۔

اس کی دلیل یہ ہےکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

( نماز اس طرح ادا کرو جس طرح مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو ) اسے امام بخاری رحمہ اللہ تعالی نے روایت کیا ہے ۔

اوراسی طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے :

( جوسورۃ الفاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز ہی نہیں ہوتی ) متفق علیہ ۔

واللہ اعلم .